# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد

## شعبہ ارلی چائلڈ ھڈ ایجوکیشن اینڈ ایلیمینٹری ٹیچر ایجوکیشن

وارننگ

عزیز طلبه! آپ یه بات ذہن نشین کرلیں که

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کرکے لکھیں گے یا آپ اپنی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ اپنے سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہوسکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحله پر ہوجائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھارلی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامه اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری "Plagiarism پالیسی کے مطابق سزادی جائے گی۔

کورس: پیڈاگاجی۔ٹیچنگ آف ہوم اکنامکس (6496) سمسٹر: خزاں2026

سطح: بی ایڈ (5۔2/04 سالہ)

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے(ہدایات برائے طلباء ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ ODL موڈ)

1 تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البته ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔
2 سوالات کو توجه سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔ سوال کے تمام اجزاء کا جواب دیں۔
3 ہاتھ سے تحریر شده یا (Scanned) سکین کی گئی امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔ صرف اردو اور عربی میں اپنی مشقیں حل کرنے والے طلبه اپنی ہاتھ سے لکھی ہوئی مشق سکین کرکے اپنے پورٹل پر اپ لوڈ کرسکتے ہیں۔ فائل کا سائز5 MB سے کم ہونا چاہیئے۔
4 ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (PDF یا MS-Word فارمیٹ میں) LMS پر بروقت یا مقرره تاریخ سے قبل اپ لوڈ کیجیے۔
5 مقرره تاریخ کے بعد/ تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نه ہوسکیں گی جس کی تمام ترذمه داری طالب علم پر ہوگی
6 آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرز تحریر کی قدرافزائی کی جائے گی۔
7 غیر متعلقه بحث/ معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈیا دیگر مطالعاتی مواد سے ہوبہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

# امتحانی مشق نمبر 1

## (یونٹ 1 تا 4)

سوال نمبر 1 ہوم اکنامکس کو صرف گھریلو مہارتوں کا مضمون سمجھنے کے تصور کا تنقیدی جائزہ لیں۔ وضاحت کریں کہ جدید دور میں یہ مضمون فرد اور معاشرے کی عملی زندگی سے کس طرح جڑا ہوا ہے۔ 20

سوال نمبر 2 فرض کریں کہ کسی اسکول میں ہوم اکنامکس کو اختیاری مضمون کی حیثیت حاصل ہے اور طلبہ اس میں کم دلچسپی لے رہے ہیں۔ اس صورتحال کی ممکنہ وجوہات کا تجزیہ کریں اور مضمون کی افادیت بڑھانے کے لیے تدریسی اور انتظامی سطح پر تجاویز پیش کریں۔ 20

سوال نمبر 3 مڈل سطح کے ہوم اکنامکس نصاب کا جائزہ لیتے ہوئے واضح کریں کہ نصاب میں شامل عملی سرگرمیاں طلبہ کی روزمرہ زندگی میں کس حد تک معاون ثابت ہو سکتی ہیں۔ اپنی رائے کی تائید مناسب دلائل سے کریں۔ 20

سوال نمبر 4 غذائیت سے متعلق غلط عادات بچوں اور نوجوانوں کی صحت پر کس طرح اثر انداز ہوتی ہیں؟ ہوم اکنامکس کے تناظر میں ایسی تدریسی سرگرمیوں پر بحث کریں جو متوازن غذا کے شعور کو فروغ دے سکیں۔ 20

سوال نمبر 5 ہوم اکنامکس کی تدریس میں عملی کاموں کی اہمیت پر بحث کریں۔ وضاحت کریں کہ عملی سرگرمیاں طلبہ کی دلچسپی، مہارت اور مسئلہ حل کرنے کی صلاحیت کو کس طرح بہتر بناتی ہیں۔ 20

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

# امتحانی مشق نمبر 2

## (یونٹ 5 تا 9)

سوال نمبر 1 سلائی کی بنیادی مہارتوں کی تدریس میں مناسب آلات اور حفاظتی اصولوں کی اہمیت بیان کریں۔ مزید وضاحت کریں کہ عملی تربیت طلبہ کی خود اعتمادی اور ہنر مندی میں کس طرح اضافہ کرتی ہے۔ 20

سوال نمبر 2 کروشیے اور سلائی کی سرگرمیوں کو تخلیقی تعلیم کے تناظر میں واضح کریں۔ مثالوں کی مدد سے بیان کریں کہ یہ سرگرمیاں طلبہ میں صبر، توجہ اور جمالیاتی شعور کیسے پیدا کرتی ہیں۔ 20

سوال نمبر 3 بچوں کے لیے کپڑے کے کھلونوں کی تیاری میں استعمال ہونے والے مواد اور ڈیزائن کے انتخاب پر بحث کریں۔ وضاحت کریں کہ محفوظ اور تعلیمی لحاظ سے مفید کھلونوں کی تیاری میں کن اصولوں کو مدنظر رکھنا ضروری ہے۔ 20

سوال نمبر 4 گھریلو تیمارداری اور ابتدائی طبی امداد کی بنیادی معلومات ہر فرد کے لیے کیوں ضروری ہیں؟ روزمرہ زندگی کی مثالوں کے ذریعے وضاحت پیش کریں۔ 20

سوال نمبر 5 خاندان کو بچے کی ابتدائی تربیت گاہ قرار دیتے ہوئے اس کے سماجی اور اخلاقی کردار کا تجزیہ کریں۔ مزید وضاحت کریں کہ مثبت گھریلو ماحول بچے کی شخصیت کی تشکیل میں کس طرح مددگار ثابت ہوتا ہے۔ 20